**15.07.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... آسیہ میمونہ

**Music**

..........................................................................

☆ حکومت نے ملک میں سیمی کنڈکٹر ایکونظام کو مستحکم کرنے کی خاطر ایک لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے اخراجات کے ساتھ Semicon 2.0 کو منظوری دے دی ہے۔ اس نے گھریلو پیداوار بڑھانے کیلئے موبائل فون مینوفیکچرنگ اسکیم کو بھی منظوری دی ہے۔

☆ مرکز نے سڑک کنکٹویٹی کو بہتر بنانے اور ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کو کم کرنے کیلئے اترپردیش کے وارانسی میں سطح زمین سے اوپر دو کاریڈور پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

☆ بھارت - برطانیہ جامع اقتصادی اور تجارتی معاہدہ اور اس سے منسلک سماجی تحفظ کا معاہدہ مکمل طور پر نافذ ہوگیا ہے۔ پہلے دن 14 کروڑ ڈالر مالیت کا بھارتی سامان برطانیہ برآمد کیا گیا۔

☆ امریکہ اور ایران کے درمیان ایک دوسرے پر پھر حملوں کے تناظر میں امریکہ کی جانب سے ایران پر بحری ناکہ بندی دوبارہ نافذ کئے جانے کے بعد مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔

☆ جکارتہ میں انڈر 19 اور انڈر 23 ایشیائی چمپئن شپس میں تین بھارتی خواتین مکے بازوں نے سونے کے، جبکہ دیگر 10 نے چاندی کے تمغے جیتے ہیں۔

☆ اور FIFA عالمی کپ فٹ بال کے فائنل میں، اپنی جگہ پکی کرنے کیلئے آج رات امریکہ کے اٹلانٹا میں دفاعی چمپئن ارجنٹینا کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

..........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**CABINET**

مرکزی کابینہ نے آج اترپردیش میں قومی شاہراہ 19 اور وارانسی رِنگ روڈ کے درمیان 46 کلومیٹر طویل چھ لین والے گرین فیلڈ سطح زمین سے اوپر کاریڈور کو منظوری دی ہے، جس سے شہری موبیلٹی میں بہتری آئے گی۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ پروجیکٹ کی کُل سرمایہ لاگت 14 ہزار 400 کروڑ روپے سے زیادہ ہوگی اور یہ قومی شاہراہ 19 اور وارانسی رِنگ روڈ کے درمیان بلارکاوٹ کنکٹیویٹی فراہم کرے گا، جس سے شہر کے سڑک نیٹ ورک پر نمایاں طور پر بھیڑ بھاڑ کم ہوگی اور شہری موبیلٹی بہتر ہوگی۔ امکان ہے کہ یہ پروجیکٹ، جس حصے کا احاطہ کرے گا، اُس میں سفر کا اوسط وقت 60 منٹ سے کم ہوکر 20 منٹ ہوجائے گا۔

مرکزی کابینہ نے اترپردیش میں وَرونا دریا کنارے تقریباً 43 کلومیٹر طویل چھ سے چار لین والے سطح زمین سے اوپر کاریڈور کی تعمیر کی بھی منظوری دی ہے، جس پر کُل سرمایہ لاگت تقریباً 11 ہزار کروڑ روپے ہوگی۔ اِس سے وارانسی رِنگ روڈ، وارانسی ہوائی اڈے، کاشی ریلوے اسٹیشن، وارانسی جنکشن اور دین دیال اپادھیائے جنکشن تک رسائی میں نمایاں بہتری بھی آئے گی۔

مرکزی کابینہ نے بھارت کے سیمی کنڈکٹر ڈیزائن اور مینوفیکچرنگ ایکونظام کی تشکیل کیلئے ایک لاکھ 27 ہزار 500 کروڑ روپے کے بجٹ اخراجات کے ساتھ Semicon 2.0 پروگرام کی بھی منظوی دی ہے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ Semicon 1.0 پروگرام میں توجہ، صنعت کے آغاز اور اُسے قائم کرنے پر تھی اور Semicon 2.0 کے تحت سبھی اہم ضروری Chips بھارت میں ہی ڈیزائن کی جائیں گی اور اس سیمی کنڈکٹر پروگرام کے اختتام تک، ملک Chip ڈیزائن کرنے کے معاملے میں خودکفیل بن جائے گا۔

جناب ویشنو نے مزید کہا کہ بھارت نے امریکہ، جاپان، یوروپی یونین، نیدر لینڈس، سنگاپور اور جرمنی کے ساتھ پہلے ہی شراکت داریاں قائم کی ہیں۔ انہوں نے مطلع کیا کہ Semicon 2.0 کے تحت چار لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا امکان ہے۔

مرکزی کابینہ نے 62 ہزار 500 کروڑ روپے کے بجٹ اخراجات کے ساتھ موبائل فون مینوفیکچرنگ اسکیم کی بھی منظوری دی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ آئندہ پانچ برس کیلئے یہ اسکیم نافذ کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم سے، اِس کی مدت کے دوران مجموعی طور پر اندازاً 39 لاکھ کروڑ روپے کے موبائل فون تیار کئے جانے کا امکان ہے، جبکہ مجموعی برآمدات کے ساڑھے سات لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر 15 لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ جانے کی امید ہے۔

مرکزی کابینہ نے آتم نربھر بھارت کیلئے یوریا 2026 کی خاطر قومی سرمایہ کاری پالیسی کو بھی منظوری دی ہے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ اِس پالیسی کا مقصد ملک میں گیس پر مبنی یوریا تیار کرنے والے یونٹوں کے قیام کیلئے یوریا کے شعبے میں نئی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ خود کفالت کے ہدف کو حاصل کیا جاسکے۔

**PM CETA**

بھارت اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی و تجارتی معاہدہ CETA نافذ ہو گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی سماجی سیکیورٹی سے متعلق معاہدہ، جسے ڈبل کنٹری بیوشن کونشن بھی کہا جاتا ہے، بھی نافذ العمل ہو گیا ہے۔ اس سے برطانیہ میں کام کرنے والے بھارتی پیشہ ور افراد کی آمد و رفت اور مسابقتی صلاحیت کو مزید تقویت ملے گی۔

اس تاریخی معاہدے کے تحت برطانیہ کے بازار میں بھارتی برآمدات کے 99 فیصد حصے کو صفر محصول کے ساتھ رسائی حاصل ہوگی۔ اس میں ٹیکسٹائل، چمڑا، انجینئرنگ، خوراک کی ڈبہ بندی، دواسازی اور MSME جیسے شعبے شامل ہیں۔

اس معاہدے پر عمل درآمد، بھارت کو عالمی سطح پر ایک مضبوط، مسابقتی اور پائیدار معیشت بنانے کی سمت میں ایک اہم قدم ہے۔ یہ معاہدہ بھارت اور برطانیہ کے درمیان اقتصادی سفارتکاری کے ایک نئے دور کا آغاز بھی ہے۔

معاہدے کے نفاذ کے پہلے ہی دن بھارت سے برطانیہ کو 14 کروڑ امریکی ڈالر مالیت کی اشیاء برآمد کی گئیں۔

تجارت کے سکریٹری راجیش اگروال نے کہا کہ یہ معاہدہ وزیر اعظم نریندر مودی کے وکست بھارت 2047 کے وژن کے عین مطابق ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ایک نہایت اہم اور بڑے تجارتی معاہدوں میں سے ایک ہے، جو دونوں ملکوں کو تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع فراہم کرے گا۔

برطانیہ کی ہائی کمشنر Lindy کیمرون نے کہا کہ یہ معاہدہ دونوں ممالک کے لیے نہایت سود مند ثابت ہوگا۔

ملبوسات کی برآمدات کو فروغ دینے سے متعلق کونسل AEPC کے چیئرمین ڈاکٹر اے Sakthivel نے کہا کہ اس معاہدے کے نتیجے میں ڈیڑھ سال کے اندر برآمدات دوگنی ہونے کی امید ہے۔

نائب صدر سی۔ پی۔ رادھا کرشنن نے کہا کہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدہ CETA اور سماجی سیکیورٹی سے متعلق معاہدہ، بھارت اور برطانیہ کے دیرینہ تعلقات میں ایک اہم سنگ میل ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدہ CETA سے بھارت کے کسانوں، کاروباری افراد اور MSMEs کو کافی فائدہ ہوگا، جبکہ مختلف شعبوں کو برطانیہ کے بازار تک بہتر رسائی حاصل ہوگی۔ اس سے ٹیکنالوجی، پیشہ ورانہ خدمات اور اختراع کے شعبوں میں باہمی تعاون بڑھے گا اور ہنر مند بھارتی افراد کی آمد و رفت آسان ہوگی۔

انہوں نے مزید کہا کہ ڈبل کنٹری بیوشن کنونشن کے تحت برطانیہ میں عارضی طور پر کام کرنے والے بھارتی پیشہ ور افراد کو بڑا فائدہ پہنچے گا اور بھارتی کمپنیوں کی مسابقتی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔x

**REV US IRAN ATTACKS**

آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں پر حملوں کے بعد امریکہ اور ایران کے درمیان ایک دوسرے پر پھر حملوں کے تناظر میں امریکہ کی جانب سے ایران پر بحری ناکہ بندی دوبارہ نافذ کئے جانے کے بعد مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ امریکہ کی فوجی سینٹرل کمان نے کہا ہے کہ ایک بار پھر کئے گئے حملوں کا مقصد آبنائے ہرمز میں کمرشیل جہازوں کو نشانہ بنانے کی ایران کی صلاحیت کو کم کرنا ہے، جو توانائی کی عالمی سپلائی کا ایک اہم راستہ ہے۔ ایرانی اہلکاروں نے کہا کہ امریکی حملوں میں فوجی بیرکس کو نشانہ بنایا گیا، جس میں کم از کم سات فوجی اہلکار ہلاک ہوگئے۔ ایران کی سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ امریکی حملوں میں جنوبی بندرگاہی شہر **Bushehr** کو بھی نشانہ بنایا گیا، جہاں ملک کی سول نیوکلیائی تنصیبات موجود ہیں۔

ایرانی حکومت کے ترجمان **Fatemeh Mohajerani** نے کہا کہ ایک دوسرے پر جاری حملوں کے دوران حالیہ دنوں میں **30** سے زیادہ افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

اِس دوران ایران کی سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے بحرین اور اردن میں امریکی فوجی اڈوں پر جوابی حملے کئے ہیں، جس میں کمان سینٹر، طیاروں کے شیلٹر اور دیگر اہم مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ اس نے کہا ہے کہ یہ حملے بحیرۂ ہند میں امریکہ کی جانب سے بحری افواج تعینات کرنے اور آبنائے ہرمز پر کنٹرول کے بہانے بحری راستوں کی ناکہ بندی کے جواب میں کئے گئے ہیں۔ اس نے اِس ناکہ بندی پر مغربی ایشیا سے توانائی کی سبھی برآمدات کو روک دینے کی بھی دھمکی دی ہے۔x

**PM HARYANA PUNJAB VISIT**

وزیرِ اعظم نریندر مودی جمعہ کے روز ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کا دورہ کریں گے۔ وزیرِ اعظم ہریانہ میں **Jind** ریلوے اسٹیشن پر **Jind** اور سونی پت کے درمیان بھارت کی پہلی ہائیڈروجن ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ وہ **Jind** کے ایکلویہ اسٹیڈیم میں تقریباً **14** ہزار **700** کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔x

**CHOUHAN ICAR CONCLAVE**

زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج کارپوریٹ سوشل Responsibility Support (سی ایس آر) پر زور دیا تاکہ اسٹارٹ اپس، مہارت کی ترقی اور Agri-tech کے ذریعے زراعت کو مضبوط بنایا جا سکے۔ وزیر موصوف نے نئی دلّی میں کارپوریٹ سوشل Responsibility کانکلیو 2026 کیلئے ICAR ٹیکنالوجی پورٹ فولیو سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کارپوریٹ سیکٹر پر زور دیا کہ وہ ٹرسٹی شپ کے بھارتی اخلاق کو اپنائے اور اپنی کمائی کا ایک حصہ کسانوں، زرعی تحقیق اور دیہی برادریوں کی فلاح و بہبود کیلئے وقف کریں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں قوم ترقی کے مواقع فراہم کرتی ہے، وہیں صنعت کے ذمہ داری ہے کہ وہ CSR کے ذریعے زراعت اور دیہی ترقی میں سرمایہ کاری کرکے ملک کی تعمیر میں ایک فعال شراکت دار بنے۔

وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ CSR کی سرمایہ کاری، آب و ہوا کیلئے لچکدار زراعت، مٹی کی صحت، غذائیت سے محفوظ خوراک کے نظام، زرعی مہارت کی ترقی اور خواتین کسانوں کی صنعت کاری جیسے شعبوں میں ٹھوس اثرات مرتب کرتی ہے۔×

**ECI SIR**

چناؤ کمیشن نے آج پنجاب، کرناٹک، تلنگانہ اور دلّی میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR مہم کی حتمی تاریخ میں 11 دن کی توسیع کردی ہے۔

دلّی میں ابتدائی ووٹر فہرست اب 5 اگست کے بجائے 17 اگست کو شائع کی جائے گی۔ اِسی طرح گھر گھر جاکر ووٹروں کی تصدیق کا عمل، جو 28 جولائی تک جاری رہنا تھا، اب 8 اگست تک جاری رہے گا۔ حتمی ووٹر فہرست 19 اکتوبر کو شائع کی جائے گی۔ x

**JAISHANKAR BELGIUM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج اسٹارٹ اپس، تحقیق اور اختراع کیلئے بیلجیم کے برسلز میں یوروپی یونین کی کمیشنر Ekaterina Zaharieva سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ میٹنگ کے دوارن انہوں نے تحقیق کیلئے صاف ستھری اور ماحولیات کیلئے ساز گار ٹیکنالوجیز کیلئے ابھرتے ہوئے مواقع پر تبادلۂ خیال کیا۔

بیلجیم کے اپنے دو روزہ سرکاری دورے کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے برسلز میں بیلجیم کے اپنے ہم منصب کے ساتھ بھارت-بیلجیم اسٹریٹجک ڈائلاگ کے افتتاحی اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔ اس ڈائلاگ میں دو طرفہ تعلقات

اور بھارت-یوروپی یونین تعاون کو توسیع دینے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ طرفین نے مغربی ایشیا سمیت عالمی واقعات پر بھی اپنے خیالات ونظریات کا تبادلہ خیال کیا۔×

**INDIA POLAND MSME**

بھارت اور پولینڈ نے آج نئی دلی میں چھوٹی بہت چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کے شعبے میں تعاون کو مضبوط کرنے پر دو طرفہ بات چیت کی۔ اس میٹنگ میں اعلیٰ سطحی پولیش وفد نے شرکت کی، جس کی صدارت اقتصادی ترقی اور ٹکنالوجی کے نائب وزیر **Michal Baranowski** نے کی۔ بھارت کی طرف سے وفد کی قیادت **MSME** کے سکریٹری بھرت کھیرا نے کی۔×

**FIFA WORLD CUP**

فیفا عالمی کپ فٹبال کے دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں آج رات امریکہ کے اٹلانٹا میں دفاعی چیمپئن ارجینٹینا کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے بارہ بجے ہوگا۔

اس سے پہلے کل رات **Taxas** میں مقابلے کے پہلے سیمی فائنل میں اسپین نے فرانس کو صفر کے مقابلے دو گول سے ہرا کر فائنل میں جگہ بنا لی تھی۔

**ASIAN BOXING U19 AND U23**

**19** سال اور **23** تک کی عمر کی ایشیائی مکے بازی چیمپئن شپس میں آج جکارتہ میں تین بھارتی خواتین مکے بازوں نے سونے کے تمغے جیتے ہیں۔ وہیں دیگر **10** نے چاندی کے تمغے جیتے ہیں۔ **19** سال تک کی عمر کے زمرے میں چندریکا پجاری نے **51** کلوگرام زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا، وہیں پراچی نے **57** کلوگرام زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆